128165-کیا نماز تراویح شروع کرنے پر تکمیل ضروری ہے؟

سوال

اگر کوئی مسلمان شخص نماز تراویح شروع کردے تو کیا اس کے لیے اسے مکمل کرنا ضروری ہے یا کہ جتنی چاہے ادا کر کے جا سکتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

" بلاشک وشبہ نماز تراویح سنت اور نفلی نماز اور رمضان المبارک کا قیام اللیل ہے، اور اسی طرح تہجد کی نماز بھی، اور ایسے ہی چاشت کی نماز اور فرضی نمازوں کے ساتھ سنت مؤکدہ بھی، اور یہ نفل بھی ہیں اگر چاہے تو ادا کرے اور اگر چاہے تو چھوڑ دے لیکن ان کی ادائیگی افضل و بہتر ہے.

اگر وہ امام کے ساتھ نماز تراویح شروع کرتا ہے اور ساری تراویح مکمل کرنے سے قبل جانا چاہے تو اس میں کوئی حرج نہیں، لیکن امام کے ساتھ ادا کرنے حتی کہ امام تروایح مکمل کر لے افضل و اولی ہے، اور ایسا کرنے پر اس کے لیے ساری رات کے قیام کا اجر و ثواب لکھا جائیگا.

کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"جس نے امام کے ساتھ قیام کیا حتی کہ امام چلا جائے تو اس کے لیے رات کے قیام کا اجر و ثواب لکھا جاتا ہے "

لہذا جب وہ امام کے ساتھ ساری تراویح ادا کرنے تک رہے تو ساری رات کے اجر و ثواب کی فضیلت حاصل ہوگی، اور اگر وہ کچھ رکعات ادا کر کے چلا جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں کیونکہ یہ نفلی نماز ہے " انتہی

فضیلۃ الشیخ عبد العزیز بن باز رحمہ اللہ